سالانہ امتحان | اسلامیات | 2010-2011

حصہ "الف" (کثیر انتخابی سوالات)

سوال ا: مندرجہ ذیل کے درست جوابات کا انتخاب کیجئے۔

(ا) .... حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منہ بولے بیٹے کا نام تھا۔
(الف) حارثؓ (ب) زیدؓ (ج) اسامہؓ (د) انسؓ

(۲) مال غنیمت کی تقسیم میں .... حصے بتائے گئے ہیں۔
(الف) پانچ (ب) چھ (ج) نو (د) دس

(۳) سورۃ احزاب میں .... آیتیں ہیں۔
(الف) 70 (ب) 73 (ج) 75 (د) 100

(۴) ضعفین کے معنی ہیں۔
(الف) چار گنا (ب) دوگنا (ج) تین گنا (د) پانچ گنا

(۵) تسرون کے معنی ہیں۔
(الف) تم چھپاتے ہو (ب) تم پیچھا کرتے ہو (ج) تم ظاہر کرتے ہیں (د) تم لاتے ہو

(۶) یثبتوا کے معنی ہیں۔
(الف) وہ کھول دیں (ب) وہ قید کر دیں (ج) وہ آزاد کر دیں (د) وہ بند کر دیں

(۷) تصدیہ کے معنی ہیں۔
(الف) سیٹیاں (ب) شور (ج) تالیاں (د) افراتفری

(۸) موھن کے معنی ہیں۔
(الف) بنانے والا (ب) ناکام کرنے والا (ج) قوت دینے والا (د) کمزور کرنے والا

(۹) دابر کے معنی ہیں۔
(الف) جڑ (ب) بنیاد (ج) شاخ (د) سر

(۱۰) مستضعفون کے معنی ہیں۔
(الف) مغلوب (ب) طاقتور (ج) ناکام (د) ثابت قدم

(۱۱) علم .... کا راستہ بتاتا ہے؟
(الف) جنت (ب) جہاد (ج) کامیابی (د) نیکی

(۱۲) عائلی زندگی سے مراد ہے۔
(الف) معاشرتی زندگی (ب) خاندانی زندگی (ج) انفرادی زندگی (د) اس میں سے کوئی نہیں

(۱۳) جہاد کے معنی ہے۔
(الف) محنت کرنا (ب) پاک کرنا (ج) قیام کرنا (د) ایثار کرنا

(۱۴) زکوٰۃ .... عبادت ہے۔
(الف) جسمانی (ب) روحانی (ج) مالی (د) جسمانی اور مالی

(۱۵) عیدین کے دن غسل کرنا .... ہے۔
(الف) سنت (ب) فرض (ج) واجب (د) مستحب

حصہ "ب" (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے نو سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔ ہر سوال کے چار نمبر ہیں۔

سوال ۲۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک آیت مبارکہ کا مختصر مفہوم بیان کریں۔
(الف) اذا تلیت علیھم ایتہ زادتھم ایمانا (ب) ولا تبرجن تبرج الجاھلیۃ الاولیٰ

سوال ۳۔ شرالدواب سے کیا مراد ہے؟

سوال ۴۔ دوگروہوں سے کیا مراد ہے؟

سوال ۵۔ سورۃ الاحزاب کی ابتداء میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کن باتوں کی تلقین کی گئی ہے؟

سوال ۶۔ جب اہل کفر مسلمانوں پر غلبہ پالیتے ہیں تو ان کا اہل ایمان کے ساتھ کیا سلوک ہوتا ہے؟

سوال ۷۔ سورۃ الانفال میں مال غنیمت کی تقسیم کے بارے میں کیا حکم دیا گیا ہے؟

سوال ۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک حدیث کا ترجمہ لکھیں۔
(الف) افضل الاعمال لا الہ الا اللہ وافضل الدعا الاستغفار
(ب) طلب العلم فریضۃ علیٰ کل مسلم

سوال ۹۔ اللہ تعالیٰ کی محبت سے کیا مراد ہے؟

سوال ۱۰۔ قرآن کریم کی ایک آیت کے حوالے سے ختم نبوت کا مفہوم واضح کریں۔

سوال ۱۱۔ علم کی تعریف کیجئے۔

سوال ۱۲۔ زکوٰۃ کی اہمیت بیان کریں۔

سوال ۱۳۔ قرآن وسنت میں شکر کی کیا اہمیت ہے؟

حصہ "ج" (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ: صرف تین سوالات کے جواب وضاحت کے ساتھ تحریر کریں۔ ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

سوال ۱۴۔ سورۃ الانفال میں غزوہ بدر کے حوالے سے اللہ تعالیٰ کے کن انعامات کا ذکر ہے؟

سوال ۱۵۔ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فیصلوں کے بارے میں اہل ایمان کا کیا طرز عمل ہونا چاہیے؟

سوال ۱۶۔ درج ذیل حدیث مبارکہ کا ترجمہ کر کے مکمل وضاحت کے ساتھ تشریح کریں۔
کلکم راع و کلکم مسئول عن رعیتہ

سوال ۱۷۔ زوجین کے ایک دوسرے پر کیا حقوق ہیں؟

سوال ۱۸۔ جہاد کی کتنی اقسام ہیں؟ تفصیل سے بیان کریں۔